مثنوی ۔ باب فضل و برکت | تصنیف : ابوسعید حیرت جلال پوری ۔ ناشر: مکتبہ بیت الکتاب
راجپوت ہاؤس جلال پور ۔ ضخامت : ۷۸ صفحات ۲۲×۱۸ غیر مجلد
قیمت : دعائے خیر ۔

ابوسعید حیرت جلال پوری ایک کہنہ مشق شاعر ہیں ۔ موصوف نے اس مثنوی میں گوجرانوالہ پنجاب پاکستان کے مشہور دیندار صنعت کار میاں محمد رفیق انور کی والدہ محترمہ کی سیرت اور کچھ خاندانی حالات بیان کیے ہیں ۔ محترم شاعر کی یہ کاوش بظاہر تعلق خاطر کی بات ہے ، لیکن جو چیز اسے عام قارئین کے لیے قابلِ مطالعہ بناتی ہے ، وہ مرحومہ اور ان کے فرزندوں کی بلند کرداری اور جذبۂ خدمتِ خلق ہے ۔ اس مثنوی میں مندرج حالات پڑھتے ہوئے یہ یقین پختہ ہوتا ہے کہ اللہ کی رحمت شاملِ حال ہو جائے تو ذرّہ آفتاب بن جاتا ہے ۔

معلوم نہیں کہ کس وجہ سے حیرت صاحب نظر ثانی کی زحمت گوارا نہیں فرما سکتے ۔ نتیجہ یہ کہ اس مثنوی میں سقم رہ گئے ہیں ۔ (نظر زیدی)

حضرت خدیجۃ الکبریٰ | از جناب علی اصغر چوہدری ۔ ناشر : حرا پبلی کیشنز ، اردو بازار لاہور ۔ صفحات : ۱۲۸ ، قیمت ۲۱/- روپے

یہ مختصر کتاب اُم المومنین حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے سوانح حیات پر مشتمل ہے ۔ اندازِ بیان نہایت شُستہ اور دلچسپ ہے ۔ اگرچہ اس کے تمام مآخذ اُردو زبان کے ہیں ۔ اس لیے ثانوی ہیں تاہم تحقیق کا معیار عمدہ ہے ۔ ہر طبقے کے مسلمانوں کے لیے ایک قابلِ مطالعہ چیز ہے اور فکر و عمل کے لیے ایک اعلیٰ نمونہ ہے ۔

(رفیق چوہدری)